اردو (لازمی) — دوسرا گروپ — (1st A 424) انٹرمیڈیٹ پارٹ-II، کلاس 12th — پرچہ II

وقت: 2:40 گھنٹے — انشائی — مارکس: 80

## حصہ اول

2 - (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (8+1+1=10)

نشاں ہِلالِ نُما راہ میں بتاتے ہیں ...... کہ تھوڑی دور پہ آگے سوار جاتے ہیں
غبارِ راہ نشاں ہے کسی تگ و پو کا ...... یقین ہوتا ہے نقشِ قدم سے رہرو کا

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (3+3+3+1=10)

عشرتِ قتل گہ اہلِ تمنا مت پوچھ ...... عیدِ نظارہ ہے شمشیر کا عُریاں ہونا
لے گئے خاک میں ہم داغِ تمنائے نشاط ...... تُو ہو اور آپ بہ صد رنگ گلستاں ہونا
عشرتِ پارۂ دل، زخمِ تمنا کھانا ...... لذّتِ ریشِ جگر، غرقِ نمکداں ہونا

## حصہ دوم

3 - درج ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کی تشریح بحوالہ سیاق و سباق کیجیے۔ سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔ (10+3+1+1=15)

(الف) مقام افسوس یہ ہے کہ اس بدنیت نحس قدم کے آنے سے ملکِ فراغ کا رنگ بالکل بدل گیا۔ یعنی انواع واقسام کی حاجتوں نے لوگوں کو آن گھیرا۔ سال میں چار موسم ہوگئے، زمین بنجر ہوگئی، میوے کم ہونے لگے۔ ساگ پات اور موٹی قسم کے نباتات پر گزران ٹھہری۔ خزاں کے موسم میں کچھ بُرے بھلے اناج بھی پیدا ہونے لگے لیکن جاڑے نے بالکل لاچار کر دیا، کبھی کبھی قحط سالی کا ٹِڈی دَل چڑھ آتا۔

(ب) الٰہی! آج کا آفتاب یہ کیا دیکھ رہا ہے؟ آج کی روشنی میں یہ کیا ہو رہا ہے؟ ربّ العالمین! تو خود اپنی آنکھیں بند کر لے۔ مت دیکھ۔ بیٹے کو باپ کے ہاتھ سولی دینے کو ہیں۔ تیری دنیا میں کبھی یوں بھی ہوا تھا؟ ارے دیکھوتو! ارے دیکھوتو! میرا بچہ ہاتھ چُوم رہا ہے، میرا بچہ ہاتھ اپنی آنکھوں سے لگا رہا ہے۔ اس شخص کے جو اُسے سولی پر چڑھانے کو ہے۔ جلدی ارے جلدی میرے رب! اس کی روح کو جھٹ اپنے دامنِ رحمت میں لے لینا۔

(ورق اُلٹیے)

4 - درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (9+1=10)

(i) اکبری کی حماقتیں (ii) ایک سفرنامہ جو کہیں کا بھی نہیں ہے

5 - سید ضمیر جعفری کی نظم "آدمی" کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ (5)

6 - درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مفصّل مضمون تحریر کیجیے۔ (20)

(i) محسنِ انسانیت خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم (ii) دفاعِ وطن (iii) مسئلہ فلسطین

7 - ایک پرانی موٹر سائیکل کی آپ بیتی تحریر کیجیے۔ (10)